عروب نام رکھنا کیسا ہے؟

مجیب: ابو حفص مولانا محمد عرفان عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-2046

تاریخ اجراء: 18 ربیع الاول 1445ھ/05 اکتوبر 2023ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

"عروب" نام کا معنی کیا ہے؟ کیا لڑکی کا نام عروب رکھ سکتے ہیں یا نہیں؟

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَ الصَّوَابِ

لغت میں عروب کا معنی "اپنے شوہر کی محبوب بیوی" ہے۔اس معنی کے اعتبار سے لڑکی کا نام "عروب" رکھنا جائز ہے۔ مگر بہتر یہ ہے کہ ازواجِ مطہرات، صحابیات اور نیک خواتین کے نام پر رکھا جائے کیونکہ احادیث مبارکہ میں نیکوں کے نام پر نام رکھنے کی ترغیب دلائی گئی ہے نیز اس کی وجہ سے نام کی برکت اور ان بزرگ ہستیوں کی برکت بھی شامل حال ہو گی۔

تاج العروس میں لفظ "عروب" کا معنی یہ ہے: "امراۃ المحتببة الی زوجھا" یعنی اپنے شوہر کی محبوب بیوی۔ اس کی جمع "عُرُب" ہے، قرآن کریم میں بھی یہ لفظ مذکور ہے چنانچہ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿فَجَعَلْنٰهُنَّ اَبْكَارًا(۳۶) عُرُبًا اَتْرَابًا(۳۷)﴾ ترجمہ کنزالایمان: تو انہیں بنایا کنواریاں اپنے شوہر پر پیاریاں انہیں پیار دلاتیاں ایک عمر والیاں۔ (تاج العروس من جواھر القاموس، ج03، ص337، دار الھدایۃ، بیروت)

حدیث پاک میں ہے: "تسموا بخیارکم واطلبوا حوائجکم عند حسان الوجوہ" یعنی: اپنے اچھوں کے نام پر نام رکھو اور اپنی حاجتیں اچھے چہرہ والوں سے طلب کرو۔ (مسند الفردوس، ج2، ص58، دار الکتب العلمیۃ، بیروت)

امام ابو داؤد سلیمان بن اشعث رحمۃ اللہ علیہ اچھے نام رکھنے کی حکمت سے متعلق حدیث پاک نقل کرتے ہیں کہ حضرت ابو الدرداء رضی اللہ عنہ سے مروی ہے: رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا: "إنكم تدعون يوم القيامة بأسمائكم، وأسماء آبائكم، فأحسنوا أسماء كم" ترجمہ: تم قیامت کے دن اپنے ناموں اور

اپنے باپوں کے ناموں سے بلائے جاؤ گے تو اپنے نام اچھے رکھو۔(سنن ابو داؤد، باب في تغيير الأسماء، ج4، ص287، المكتبة العصريه، بیروت)

بہار شریعت میں ہے: "بچہ کا اچھا نام رکھا جائے۔ہندوستان میں بہت لوگوں کے ایسے نام ہیں جن کے کچھ معنی نہیں یا اون کے برے معنی ہیں ایسے ناموں سے احتراز کریں۔انبیائے کرام علیہم الصلاۃ والسلام کے اسمائے طیبہ اور صحابہ و تابعین وبزرگان دِین کے نام پر نام رکھنا بہتر ہے امید ہے کہ اون کی برکت بچہ کے شامل حال ہو۔"(بہارشریعت، ج3، حصہ16، ص356، مکتبۃالمدینہ، کراچی)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net

daruliftaahlesunnat

DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat

feedback@daruliftaahlesunnat.net